کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے سندھ میں تعینات پانچ اہم پولیس افسران کے بلوچستان تبادلوں پر سندھ حکومت نے حیرت اور تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ صوبائی حکومت کا مؤقف ہے کہ یہ تبادلے وزیراعلیٰ سندھ، وزیر داخلہ اور پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت سے پیشگی مشاورت اور انہیں اعتماد میں لیے بغیر کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پولیس سروس آف پاکستان (پی ایس پی) کے 49ویں بیچ کے افسران کے تبادلے متوقع تھے، تاہم وفاقی حکومت نے اچانک 46ویں بیچ کے متعدد افسران کے بلوچستان تبادلے کر دیے، جس پر سندھ حکومت نے تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ تبادلے کیے جانے والے افسران میں ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ، ایس ایس پی سکھر فیصل احمد چوہدری، ایس پی جامشورو ظفر صدیق، ایس پی میاری عبدالعلیم بلو اور ایس پی ٹنڈو محمد خان حبیب جاوید شامل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سندھ حکومت نے صوبے میں امن و امان کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر مذکورہ افسران کو

بقیہ نمبر 75 صفحہ 5 پر

تاحال ریلیو نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں وفاقی حکومت کو جوابی مراسلہ بھی ارسال کیا جائے گا، جس میں تبادلوں کے طریقہ کار اور صوبائی حکومت کے تحفظات سے آگاہ کیا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 15 NOV 2026

Page No. 15

سردار کھیتر ان سے سیاسی اختلاف ہے ذاتی دشمنی نہیں، نیشنل پارٹی

پیسے کے زور پر پارٹی سے چھینی گئی نشست ہر حال میں واپس کرنا ہوگی، اسلم بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی وحدت بلوچستان کے صوبائی صدر و چیئرمین اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ سردار عبدالرحمن کھیتران کا یہ کہنا کہ نیشنل پارٹی

(باقی صفحہ 6 نمبر 4

بلوچ ان کے ذاتی دشمن ہیں، غلط بیانی اور سستی شہرت حاصل کرنے کی کوشش ہے سردار عبدالرحمن کھیتران کا نیشنل پارٹی سے اختلاف ضرور ہے اور پارٹی کا دو مرتبہ عوامی قوت کے ذریعے ان سے یہ نشست جیت چکی ہے۔ انہوں نے اربوں روپے خرچ کرکے نشست بچانی، لیکن اب دیکھ کر اس طرح کی کہانیاں شکست واضح طور پر سامنے بنا رہے ہیں۔ اس سے نئے ہوگا۔ اگر انہیں ذاتی دشمنی سے نجا ہیں تو پہلے اپنے بیٹے عبدالمالک بلوچ نہ صرف قد آور سیاسی رہنما ہیں۔ ذاتی دشمنی نیشنل پارٹی البتہ پیسے کے زور پر سے چھینی گئی نشست ہر حال میں واپس کرنا ہوگی۔

سرحدی تجارت سے متعلق کوئٹہ کمانڈر کا بیان امید کی کرن

نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اولین ضرورت ہے، مولانا عبدالواسع

کچھ عرصے سے بارڈر بندش نے غریب عوام سے ان کی روٹی بھی چھین لی تھی، ناقص طرز حکمرانی نے بلوچستان کے مسائل میں اضافہ کیا، جنگ سے گفتگو

کوئٹہ (امین اللہ فطرت) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے سرحدی تجارت سے متعلق کور کمانڈر بلوچستان کے بیان کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک ایسے وقت میں جب ناقص طرز حکمرانی نے بلوچستان کو مسائل کے دلدل میں دھکیل دیا ہے کور کمانڈر کا بیان امید کی کرن ہے جس سے عوام میں نئی امیدیں پیدا ہوئی ہیں، بلوچستان سے بندوق کلچر کا مکمل خاتمہ، سرحدی تجارت کی آزادی اور روزگار کے مواقع کی فراہمی وقت کی اولین ضرورت ہے، جے یو آئی کے لئے اقتدار معنی نہیں رکھتا اصل اہمیت عوام کے اعتماد کی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''جنگ'' سے خصوصی بات چیت میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل نہ تو انتظامی ہیں، نہ سیاسی اور نہ ہی معاشی بلکہ مختلف عوامل اور محرکات نے مل کر بلوچستان کے حالات کو یہاں تک پہنچایا ہے۔ صوبے میں روزگار کے مواقع نا پید ہیں، زراعت تباہی سے دوچار ہوچکی ہے، لاکھوں لوگ بے گھر سرحدی تجارت سے عوام کی روزی روٹی وابستہ تھی مگر بارڈرز کی بندش نے ان کی روٹی بھی چھین لی۔ ناقص طرز حکمرانی نے بلوچستان کے مسائل میں اضافہ کیا، جنگ سے گفتگو میں کور کمانڈر یا گورنر، مگر ان حالات میں کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین کا گزشتہ دنوں تربت میں کھلی کچہری سے خطاب بارڈر تجارت کے راستے کھولنے، بندوق کلچر کا خاتمہ کرکے بلوچستان کو امن، تعلیم اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کا عزم امید کی کرن ہے کم از کم ہم اس موقف کی بھرپور تائید و حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کا خواب اسی وقت شرمندہ تعبیر ہو سکتا ہے جب تمام فیصلوں میں عوام کو اعتماد میں لیا جائے، ان کے مسائل، احساسات اور جائز تحفظات کو اہمیت دی جائے اور انہیں صوبے کی ترقی کے عمل میں حقیقی شراکت دار بنایا جائے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے پیچیدہ مسائل کا حل محض انتظامی یا سیکیورٹی اقدامات میں تلاش نہیں کیا جاسکتا بلکہ اس کے لئے سیاسی مکالمے، باہمی اعتماد، انصاف، احساس محرومی کے خاتمے اور عوامی شمولیت پر مبنی جامع حکمت عملی بنانے کی ضرورت ہے۔

گیس پریشر میں کمی سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے، پشتونخوا میپ

کمپنی عوام دشمنی ترک کرکے مکمل پریشر کے ساتھ گیس کی مسلسل فراہمی یقینی بنائے، کبیر افغان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز صورت خان کاکڑ، رزاق ترین، مرکزی ممبئی کے رکن صنع معاون ویم چیئرمین برکت مسلم کوئٹہ کے آفس سیکرٹری نصیب اللہ نیازی، تحصیل سنی سیکرٹری ملتان نصرت، سینئر معاون سیکرٹری شکور افغان نے سنی تحصیل بند پشتون درہ، لانڈی پشتون آباد، اڈہ پشتون آباد، شارلاقائی یونٹ، صادق شہید علاقائی یونٹس کے علیحدہ علیحدہ اجلاسوں مین شرکت کی جس میں جلسہ عام کی تیاری کا جائزہ لیا اور علاقائی عہدیداروں، کارکنوں پر زور دیا گیا کہ وہ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی برسی کے جلسہ عام کی بھرپور تیاری کریں اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی غفلت کی گنجائش نہیں۔ مقررین نے کہا کہ تومبر میں ہی گیس بندش کے دورانیہ میں اضافہ کردیا گیا ہے کوئٹہ بالخصوص سنی تحصیل کے مختلف علاقوں میں گیس بندش کے باعث صارفین کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

بلوچستان کے وسائل کو عوام کی ترقی اور بنیادی ضروریات پر خرچ کیا جائے، ہدایت الرحمن

بلوچستان کو آج بدترین بدامنی کا سامنا ہے، عوام عدم تحفظ اور معاشی مشکلات کا شکار ہیں، وفود سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ ظلم جبر، لاقانونیت، بدامنی، بدعنوانی اور عوامی حقوق کی پامالی کے خلاف ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ بلوچستان کے عوام کو امن، انصاف، روزگار اور بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ 22 نومبر کو کوئٹہ میں ہونے والا جلسہ عام عوامی حقوق کی جدوجہد کا اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ جلسہ عام سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن خطاب کریں گے۔ عوام، نوجوان، طلبہ، علمائے کرام، تاجر برادری اور تمام مکاتب فکر اس عظیم الشان جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 41

Dated: 15 NOV 2026

Page No. 16

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں فورسز کا آپریشن خوکش بمبار اور 28 دہشتگرد ہلاک میجر سمیت 4 جوان شہید

فورسز کی کارروائی میں کوئٹہ میں خودکش بمبار سمیت 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے، اسلحہ و گولہ بارود برآمد، پاک فوج کے میجر عمر منہاس ناصر اور حوالدار محمد عدنان خان نے جام شہادت نوش کیا

شمالی وزیرستان میں فورسز کی کارروائیوں میں 16 خوارج ہلاک، دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا، پاک فوج کے حوالدار عصمت علی اور نائیک آفتاب علی شہید

ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، آپریشن کے دوران وطن عزیز کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں پر پوری قوم کو فخر ہے، وزیراعظم

کوئٹہ، پشاور، اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں، نمائندہ خصوصی) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقوں کوئٹہ، کاروگاپ اور نوشکی کے گردونواح میں جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران کوئٹہ میں خودکش بمبار سمیت فتنہ الہندوستان کے 8 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، جبکہ دہشت گردوں کے حملے میں پاک فوج کے میجر عمر منہاس ناصر اور حوالدار محمد عدنان خان نے جام شہادت نوش کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 13 نومبر 2026 سے سیکیورٹی فورسز بلوچستان کے علاقوں کوئٹہ، کاروگاپ اور نوشکی کے گردونواح میں متعدد انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کررہی ہیں۔ ان کارروائیوں میں علاقے کا کنٹرول مضبوط بنانے اور گشت کے ساتھ کوئٹہ انتظامی قومی ..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

شاہراہ (این-40) پر مقامی ٹریفک کی محفوظ آمدورفت یقینی بنانے کے اقدامات بھی شامل ہیں، تاکہ آپریشنز کا تسلسل برقرار رکھا جاسکے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 13 اور 14 نومبر کی درمیانی شب کوئٹہ کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے آٹھ دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، جن میں ایک خودکش بمبار بھی شامل تھا۔ کارروائی کے دوران اسلحے اور گولہ بارود کا بڑا ذخیرہ بھی برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 14 نومبر کو فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے گشت پر معمور فرنٹیئر کانسٹیبلری کے قافلے کو کوئٹہ کے علاقے کاروگاپ کے قریب نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں میجر عمر منہاس ناصر، ساکن ضلع چکوال، اور حوالدار محمد عدنان خان، ساکن کوٹلی ستیاں، نے جام شہادت نوش کیا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی سیکیورٹی فورسز کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتی۔ مقامی آبادی کے تحفظ اور دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اسی جوش و جذبے کے ساتھ جاری رہیں گے، جبکہ ان علاقوں میں کلیئرنس آپریشنز اس وقت تک جاری رکھے جائیں گے جب تک خطرے کا مکمل خاتمہ نہیں ہوجاتا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بھارت اور دیگر مخالف انٹیلی جنس ایجنسیوں کی پشت پناہی میں فتنہ الہندوستان ڈرونز اور دیگر تکنیکی ذرائع، بشمول وی بی ایس ایف بارودی سرنگوں (آئی ای ڈیز)، کو استعمال کرتے ہوئے بے گناہ شہریوں اور سیکیورٹی فورسز کو نشانہ بنانے کی کوشش کررہی ہے، تاکہ علاقے میں امن و معمولات زندگی برقرار رکھنے کے لیے حکومت اور سیکیورٹی فورسز کی کوششوں کو نقصان پہنچایا جاسکے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ بھارت فتنہ الہندوستان کو مسلسل مکمل مالی معاونت فراہم کرنے کے ساتھ جدید ترین آلات اور ٹیکنالوجی بھی مہیا کر رہا ہے، تاہم سیکیورٹی فورسز اس بدلتے ہوئے خطرے سے پوری طرح آگاہ ہیں اور دہشت گردوں کو کسی بھی طریقے سے کارروائی کے لیے جگہ فراہم نہیں کی جائے گی۔ آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ قومی ایکشن پلان پر وفاقی اپیکس کمیٹی کی منظوری سے شروع کیے گئے وژن "عزم استحکام" کے تحت دہشت گردی کے خلاف مسلسل مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پُرعزم ہیں، جبکہ شہداء کی قربانیاں اس عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ دوسری جانب۔ شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 16 خوارج ہلاک اور پاک فوج کے 2 جوان شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں خوارج کے ٹھکانوں پر کارروائیاں کی، اس دوران گزشتہ 12 گھنٹوں میں 16 خوارج ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ علی خیل میں کارروائی کے دوران 12، میر علی میں 2 اور دتہ خیل میں بھی 2 خوارج مارے گئے، ہلاک خوارج میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 2 افغان شہری بھی شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے بھی 2 بہادر جوانوں نے جام شہادت نوش کیا جن میں 43 سالہ حوالدار عصمت علی اور 32 سالہ نائیک آفتاب علی شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ شہید حوالدار عصمت علی کا تعلق ضلع صوابی اور شہید نائیک آفتاب علی کا تعلق ضلع مردان سے تھا، شہید جوانوں نے بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ کارروائیوں کے دوران خوارج کے زیر استعمال ورک کے بڑا دستی بم، ہلاک خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے جب کہ ہلاک خوارج معصوم شہریوں کے قتل سمیت متعدد دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ عزم استحکام کے تحت انٹیلی جنس اور انسداد دہشتگردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، جوانوں کی قربانیاں دہشتگردی کے خلاف ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر اظہار تحسین کرتے ہوئے 16 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین اور آپریشن کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ایک بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے علاقوں میر علی، دتہ خیل اور گردونواح میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بہادری اور بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 16 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے آپریشن کے دوران وطن عزیز کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ضلع صوابی سے تعلق رکھنے والے حوالدار عصمت علی اور ضلع مردان سے تعلق رکھنے والے نائیک آفتاب علی کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعظم نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمارے بہادر جوانوں کی عظیم قربانیاں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے قومی عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور ملک کے امن و استحکام کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ پوری قوت، عزم اور ثابت قدمی سے جاری رہے گی۔

سوراب، دشت گوران کے علاقہ مل مدرسہ سے تین لاشیں برآمد

ضروری قانونی کارروائی کے بعد لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال سوراب منتقل

سوراب (نامہ نگار) تحصیل دشت گوران کے علاقے مل مدرسہ ایریا سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد، پولیس نے نعشیں تحویل میں لے کر DHQ اسپتال ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب منتقل کر دی "سوراب کی تحصیل دشت گوران کے علاقے مل مدرسہ ایریا سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی صدر تھانے کی پولیس نفری فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، جہاں تینوں افراد کی نعشیں اپنی تحویل میں لے کر ضروری قانونی کارروائی کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (DHQ) اسپتال سوراب منتقل کردی گئیں۔ تینوں افراد کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی، جبکہ شناخت کے لیے نعشیں اسپتال میں رکھی گئی ہیں۔ پولیس واقعے سے متعلق مزید تحقیقات کر رہی ہے۔ متوفین کی شناخت اور واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے کارروائی جاری ہے۔ مزید معلومات حاصل ہونے پر آگاہ کیا جائے گا۔

مستونگ میں سیکورٹی فورسز کے کیمپ پر حملہ ناکام بنادیا گیا

وزیر داخلہ بلوچستان اور صوبائی وزیر داخلہ کی جانب سے حملے کی مذمت

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان پولیس کی جانب سے جاری کیے گئے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ حملہ این 25 پر واقع پوسٹ پر بارود سے بھری گاڑی کے ذریعے کیا گیا۔ بیان میں دعویٰ کیا گیا ہے سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے اس حملے کو ناکام بنایا اور ان کی ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کارروائی میں تین حملہ آور مارے گئے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ بارودی گاڑی کے دھماکے سے ایک خاتون سمیت دو شہری ہلاک جبکہ خواتین سمیت دس سے زائد شہری زخمی ہوئے۔ پولیس کے بیان کے مطابق اس حملے میں تین سیکورٹی اہلکار بھی زخمی ہوئے۔ پولیس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اس خودکش حملے کے نتیجے میں ایک مسجد اور کئی گھروں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 15 NOV 2026

Page No. 17

کوئٹہ، منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام، آئس برآمد، ملزم گرفتار

پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بروری پولیس نے منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کی آئس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیا الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او بروری پولیس نے چیکنگ کے دوران ایک ملزم محمد سلیم کے قبضے سے 10 کلو آئس برآمد کرلی۔ اور اسکے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

ہزارہ ٹاؤن، قمار بازی کے اڈے پر چھاپہ، متعدد گرفتار

60 ہزار قبضے کیلئے گئے، مقدمہ درج، کارروائی شروع

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہزارہ ٹاؤن پولیس نے قمار بازی کے اڈے پر چھاپہ مار کر لگے ہزاروں روپے اور آلات قمار بازی قبضے میں لیکر متعدد جواریوں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیا الحق مندوخیل کی ہدایت پر ایس ایچ او ہزارہ ٹاؤن نے خفیہ اطلاع ملنے دیکر چھاپے کے ہمراہ قمار بازی کے اڈے پر چھاپہ مار کر متعدد جواریوں کو حراست میں لیکر داؤ پر لگے 60 ہزار اور آلات قمار بازی قبضے میں لیکر ان لگے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

JANG QUETTA

بلوچستان پولیس کی کارروائیاں، 158 اشتہاری اور 312 مفرور گرفتار

9 مغوی بازیاب، جرائم میں ملوث 420 افراد گرفتار اسلحہ اور منشیات قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان پولیس نے تین ہفتوں میں 158 اشتہاریوں اور 312 مفرور ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ 9 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرایا گیا ہے مختلف جرائم میں ملوث 420 افراد کو بھی حراست میں لیا گیا تر جمان بلوچستان پولیس کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر قانون شکن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے 84 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ برآمد کیا گیا جس میں 70 بمعہ 1/ ریوالور، 3 کلاشنکوف، 11 شارٹ گن رائفلیں 972 کارتوس، 65 میگزین شامل ہیں کارروائیوں کے دوران 111 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا۔

ڈیرہ مراد جمالی: شوہر نے سسرال جاکر بیوی کو گولی ماردی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب شوہر نے سیاہ کاری کے الزام میں فائرنگ کرکے سسرال کے گھر میں گھس کر اپنی بیوی کو قتل کردیا ملزم فرار ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے پولیس تھانہ مجھوشوری کی حدود میں شوہر نے سیاہ کاری کے الزام میں سسرال کے گھر گھس کر سوئی ہوئی بیوی کو قتل کردیا پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی۔

دشت گوران ہل کے مدرسے سے تین لاشیں برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سوراب کے علاقے دشت گوران ہل میں مدرسے سے تین لاشیں برآمد ہوئیں جنہیں شناخت اور ضروری کارروائی کے لیے مقامی ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ انتظامیہ کے مطابق گزشتہ شب لاشیں ملنے کی اطلاع پر متعلقہ حکام موقع پر پہنچے اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: SHARIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 15 NOV 2026

Page No. 18

نصیرآباد: بجلی بحران نے عوامی مشکلات بڑھادیں

دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران چند گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے

طویل لوڈشیڈنگ سے گھریلو، کاروباری اور زرعی سرگرمیاں بری طرح متاثر

چھتر (یو این اے) نصیرآباد ڈویژن میں بجلی کا بدترین بحران، دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران چند گھنٹے بجلی کی فراہمی، عوام شدید مشکلات سے دوچار تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے نصیرآباد ڈویژن کے عوام بجلی کی بدترین اور طویل لوڈشیڈنگ کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں، جہاں دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران محض چند گھنٹے بجلی کی فراہمی اور باقی وقت بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے دن اور رات کے بیشتر اوقات بجلی غائب رہنے سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ گھریلو صارفین، زمینداروں، تاجروں، طلبہ اور دیگر شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے تفصیلات کے مطابق ضلع نصیرآباد کے ڈویژ مراد جمالی کے گریڈ ا سٹیشن سے منسلک میر حسن فیڈر جبکہ ضلع صحبت پور کے گریڈ ا سٹیشن سے منسلک اظہار فیڈر، خیر پور فیڈر اور شاہی واد فیڈر سمیت جعفرآباد اور اوستہ محمد کے دیہی علاقوں میں بجلی کی طویل بندش نے عوام کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی کا دورانیہ انتہائی محدود ہونے کے باعث شہری بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہو کر رہ گئے ہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ شدید گرمی، سردی اور روزمرہ ضروریات کے باوجود بجلی کی مسلسل اور غیر اعلانیہ بندش نے زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ طویل لوڈشیڈنگ کے باعث پینے کے پانی کی فراہمی، گھریلو امور، کاروباری سرگرمیاں اور زرعی معاملات بھی متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ طلبہ کو تعلیمی سرگرمیوں میں مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نصیرآباد ڈویژن کے دیہی علاقوں میں بجلی کی طویل بندش کا فوری نوٹس لیا جائے، لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم کر کے بجلی کی فراہمی کا باقاعدہ شیڈول جاری کیا جائے

حب: پانی اور گیس کی قلت سے شہریوں کی زندگی اجیرن

مختلف رہائشی علاقوں میں پانی کی فراہمی معطل، شہری مہنگے داموں ٹینکر خریدنے پر مجبور، محکمہ پبلک ہیلتھ کی کارکردگی پر سوالات

سوئی گیس کے کم پریشر اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے گھریلو صارفین کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا، ایل پی جی بھی مہنگی ہوگئی

غریب اور متوسط طبقہ بنیادی ضروریات سے محروم، مہنگے ٹینکروں اور متبادل ایندھن کے اخراجات برداشت کرنا مشکل ہو گیا، شہریوں کی دہائی

حب (آن لائن) بلوچستان کے صنعتی شہر حب کے مختلف رہائشی علاقے پینے کے صاف پانی اور سوئی گیس جیسی بنیادی سہولیات سے یکسر محروم ہو چکے ہیں، جس کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن بن گئی ہے۔ حب شہر کی مختلف آبادیوں میں پینے کے پانی کی فراہمی کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی مبینہ غفلت اور ناقص کارکردگی کے باعث پائپ لائنوں میں پانی کی نہیں ہے، جس نے عوام کو باقاعدہ طور پر ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے۔ مہنگے داموں پانی کے ٹینکر خریدنا غریب اور متوسط طبقے کی پہنچ سے باہر ہو چکا ہے۔ دوسری جانب سوئی گیس کے کم پریشر اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ گھریلو صارفین کھانا پکانے اور روزمرہ کے امور کی انجام دہی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ گیس کی عدم دستیابی کے باعث شہری متبادل ایندھن کے طور پر ایل پی جی (LPG) استعمال کرنے پر مجبور ہیں، تاہم ایل پی جی کی قیمتوں میں ہونے والے ہوشربا اضافے نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے اور وہ دو وقت کی روٹی پکانے سے بھی قاصر نظر آتے ہیں۔ علاقہ مکینوں اور سماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام، محکمہ پبلک ہیلتھ اور سوئی سدرن گیس کمپنی (SSGC) کے ذمہ داران سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ حب کے متاثرہ علاقوں میں پانی کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے، ٹینکر مافیا کے خلاف کارروائی کی جائے اور گیس کے کم پریشر و لوڈشیڈنگ کے مسئلے کو ہنگامی بنیادوں پر حل کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

اوستہ محمد: جدید مارکیٹ کمیٹی عوام کو ریلیف دینے میں ناکام

کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر مارکیٹ کمیٹی غیر فعال، اشیائے خورد و نوش، سبزی اور پھل من مانے نرخوں پر فروخت

مارکیٹ کمیٹی ماشا خوروں اور ایجنٹوں کے رحم و کرم پر، شہریوں اور دیہاڑی دار مزدوروں کو شدید مشکلات کا سامنا

مہنگائی بے قابو، عوامی مسائل میں اضافہ، انتظامیہ مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے والوں کیخلاف کارروائی کریں، عوامی حلقے

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد اشیائے خورد و نوش سمیت سبزی اور فروٹ کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگے کروڑوں روپے مالیت کی جدید مارکیٹ کمیٹی عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں بری طرح ناکام مارکیٹ کمیٹی ماشا خوروں کی رحم و کرم پر عوام کا کوئی پرسان حال نہیں حکام بالا اس جانب توجہ دیں تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد شہر میں مہنگائی کا جن بوتل سے باہر ہو گیا اشیائے خرد و نوش سمیت سبزی فروٹ کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے حکومت بلوچستان اور محکمہ زراعت کی جانب سے کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر جدید مارکیٹ کمیٹی عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں بری طرح ناکام مارکیٹ کمیٹی ماشا خوروں اور ایجنٹوں کے رحم و کرم پر ہیں جس کی وجہ سے اشیاء خرد و نوش سمیت سبزی اور فروٹ منہ مانگے قیمتوں میں فروخت کر رہے ہیں شہری اور دیہاڑی دار مزدور مہنگائی کے ہاتھوں فاقہ کشی پر رہنے پر مجبور جبکہ پرائس کنٹرول کمیٹی خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہی ہے اوستہ محمد کے شہریوں نے حکام بالا سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ گراں فروش تاجروں اور مارکیٹ کمیٹی کے ذمہ دار افسران کے خلاف قانون کے تحت سخت کارروائی کو یقینی بنایا جائے اور عوام کو سستے داموں اشیاء خورد و نوش سمیت سبزی و فروٹ کی فراہمی کو یقینی بنائی جائے

INTEKHAB QUETTA

ریٹائرڈ اساتذہ کے واجبات ادا کیے جائیں، اکیڈمک اسٹاف

راحیلہ درانی کے حالیہ دورہ جامعہ کے موقع پر لوئر اسٹاف کو ادائیگیوں کے چیک دیئے گئے مگر ریٹائرڈ اساتذہ کو ایک بار پھر نظرانداز کیا گیا، بیان

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان نے ریٹائرڈ اساتذہ کے واجبات کی عدم ادائیگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے 2020ء سے ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کے لیے 52 کروڑ 50 لاکھ روپے فراہم کیے، جبکہ بلوچستان ہائی کورٹ بھی فوری ادائیگی کے احکامات دے چکی ہے۔ ترجمان کے مطابق صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی کے حالیہ دورہ جامعہ کے موقع پر لوئر اسٹاف کو ادائیگیوں کے چیک دیے گئے، لیکن ریٹائرڈ اساتذہ کو ایک بار پھر نظرانداز کیا گیا، حالانکہ انہیں چیک وصول کرنے کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔ ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا کہ انتظامیہ فوری طور پر ریٹائرڈ اساتذہ کے پنشن، کمیوٹیشن، لیو انکیشمنٹ اور دیگر واجبات ادا کرے اور عدالتی احکامات پر عملدرآمد یقینی بنائے۔ بصورت دیگر ریٹائرڈ اساتذہ اپنے جائز حقوق کے حصول کے لیے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگانے پر مجبور ہوں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
R

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet

MEEZAN QUETTA

Dated: 15 NOV 2026 Page No. 19

کسی بھی منصوبے میں تاخیر قابل قبول نہیں ہے!

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت اوورسائٹ اسٹریٹیجک پروجیکٹس کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے بھر میں زیرالتواء اور جاری اہم اسٹریٹیجک منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ سیکرٹریز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے اس موقع پر تمام محکموں کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد سے وابستہ تمام اہم منصوبے مقررہ مدت میں معیار اور شفافیت کے ساتھ مکمل کئے جائیں۔ انہوں نے تنبیہ کی کہ کسی بھی منصوبے میں تاخیر قابل قبول نہیں ہوگی اور ذمہ دار آفسران کو ہر ممکن اقدام کے ذریعے کام کی رفتار تیز کرنی ہوگی ۔انہوں نے کہا کہ یہ منصوبے نہ صرف تعمیراتی سرگرمیاں نہیں بلکہ عوام کی بنیادی ضروریات، سہولیات اور معیار زندگی کے بہتر امکانات کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ان کی تکمیل سے صوبے کی معیشت کو مثبت فروغ ملے گا روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور عوامی خدمت کے شعبوں میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ منصوبوں کی نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے گا۔ جبکہ ہر منصوبے کی پیش رفت کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے گا۔ تمام محکمے وقت کی پابندی، منصوبوں میں معیار اور شفافیت کو یقینی بنائیں اور رکاوٹوں کی صورت میں فوری طور پر حل کیا جائے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کا اوورسائٹ اسٹریٹیجک پروجیکٹس کے حوالے سے اپنی زیرصدارت میں ہونیوالے اجلاس سے مذکورہ خطاب بڑا اہم ہے جس میں انہوں نے صوبے میں جاری منصوبوں کے حوالے سے زیرالتواء اور جاری اہم اسٹریٹیجک منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں متعلقہ سیکرٹریز نے شرکت کی۔ عوامی مفاد سے وابستہ تمام اہم منصوبے مقررہ مدت میں معیار اور شفافیت کے ساتھ مکمل کرنے کے بارے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی ہدایت بڑی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ صوبے میں جاری منصوبے عوام کے بہترین مفاد میں ہوتے ہیں لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں یہ روایت چلی آرہی ہے کہ اکثر منصوبے مقررہ وقت میں مکمل نہیں ہوپاتے جس سے ایک جانب عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جب کہ دوسری جانب جاری منصوبے مقررہ وقت پر مکمل نہ ہونے کے باعث اس کے اخراجات بھی بڑھتے جاتے ہیں جو کہ سرکاری خزانے کا نقصان ہوتا ہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کی مذکورہ اجلاس میں متعلقہ حکام کو اس ضمن میں ہدایات قابل تعریف اقدام ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ عوامی مفاد سے وابستہ معیاد میں مکمل نہ ہونا عوام کے مفاد میں نہیں ہے کیونکہ عوامی منصوبوں کا تعلق عوام کی بہتری سے ہوتا ہے جو کہ بدقسمتی سے ہمارے ہاں نہیں ہو پارہا۔ اس لیے ذمہ دار افسران کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے منصوبوں میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو سستی اور لاپرواہی کرنے والے افسران کیخلاف سخت کاروائی کرنی چاہیے اس میں کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس سے عوام اور حکومت دونوں متاثر ہوتے ہیں جو کہ ٹھیک نہیں ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 15 NOV 2026

Page No. 20

معدنیات اور پاکستان کی ترقی

وزیراعظم پاکستان نے اگلے روز اسلام آباد میں پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی اور تبدیلی کے سفر پر گامزن ہے، انھوں نے کانفرنس میں شریک عالمی سرمایہ کاروں اور معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور بیرک کپنی کا پاکستان پر اعتماد برقرار رکھنے پر شکریہ بھی ادا کیا۔ یاد رہے کہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کے دوران پاکستانی اور بین الاقوامی کمپنیوں کے درمیان 13 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط ہوگئے ہیں۔ ادھر آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بھی پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کے شرکاء سے خطاب کیا۔ انھوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی معدنی دولت کو کارآمد بنانا ہمارا اجتماعی قومی مقصد ہے۔ معدنی ترقی سے مقامی آبادیوں کو فائدہ پہنچنا لازم ہے، معدنیات سے مالا مال علاقوں کے لوگوں کو اپنی زندگیوں میں ٹھوس بہتری نظر آنی چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہمارا مقصد پاکستان کو طویل مدتی معدنی سرمایہ کاری کے لیے ایک مسابقتی منزل بنانا ہے، کان کنی کے پورے ماحولیاتی نظام کی سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدام کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ کانوں اور کان کنوں، سرمایہ کاری، صنعتوں، منصوبوں اور اس سے وابستہ لوگوں کو تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ ہمارا مقصد صرف خام مال برآمد کرنا نہیں ہے بلکہ ریفائننگ اور مینوفیکچرنگ تک پوری ویلیو چین کو تیار کرنا ہے، ہم ایسی طویل مدتی شراکت داری پروان چڑھانا چاہتے ہیں جو پاکستان اور اس کے شراکت داروں کے لیے پائیدار معاشی قدر کا باعث بنے۔ انھوں نے زور دیا کہ ہمیں صلاحیت سے پیداوار کی طرف، وعدوں سے عمل کی طرف اور خام برآمدات سے ویلیو ایڈ ڈگر وتھ کی طرف بڑھنا ہوگا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے تقریر کے آخر میں پاکستان ہمیشہ زندہ باد کا نعرہ بھی بلند کیا۔

پاکستان کے دو بڑوں کی جانب سے جو کچھ کہا گیا ہے، اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ پاکستان کے پاس ترقی کا پوٹینشل موجود ہے۔ یہ کانفرنس بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں پاکستان میں موجود منرلز اور مائنز کے حوالے سے پر مغز گفتگو ہوئی ہے اور بہت سے معاہدوں پر دستخط ہوئے ہیں۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے انٹرنیشنل انویسٹرز کو پاکستان کے معدنی وسائل کی تلاش اور ترقی میں سرمایہ لگانے کی دعوت دی اور انھیں سرمایہ کاری کے تحفظ اور حکومتی معاونت کی یقین دہانی بھی کرائی۔ پاک فوج کے سربراہ نے بھی یہی یقین دہانی کرائی ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ معاشی ترقی کے حوالے سے حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان یکسوئی اور ہم آہنگی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پر جوش انداز میں یہ نوید سنائی ہے کہ، ان شاءاللہ 2050 سے بھی پہلے پاکستان دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہوگا۔ گولڈ مین سکس کی پیشگوئی ہے کہ پاکستان 2075 تک دنیا کی چھٹی بڑی معیشت بن سکتا ہے، ان شاءاللہ 2050 سے بھی پہلے پاکستان دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہوگا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان کے وزیراعظم کا اپنی معاشی ٹیم اور انتظامی عہدیداروں پر پورا بھروسہ ہے کہ وہ اس حوالے سے دن رات کام کریں گے۔ بلاشبہ اگر نیک نیتی سے کام کیا جائے تو پاکستان میں اتنا پوٹینشل ہے کہ وہ بہت جلد بڑی معیشت رکھنے والے ممالک کی صف میں شامل ہوسکتا ہے۔

وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے مزید کہا کہ پاکستان کی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی اور تبدیلی کے سفر پر گامزن ہے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان کے قیمتی معدنی وسائل کو خام شکل میں بیرون ملک بھیجنا بند کرنا ہے، قیمتی معدنی وسائل ملکی صنعتوں کے لیے استعمال ہوں گے۔ وہ دن دور نہیں جب معدنی وسائل کو ملکی ڈاؤن اسٹریم انڈسٹری کے لیے بروئے کار لائیں گے۔ اپنے خطاب کے دوران وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ریکوڈک منصوبہ دنیا کے تانبے اور سونے کے بڑے غیر استعمال شدہ ذخائر میں سے ایک ہے، دو دہائیوں سے تعطل کا شکار ریکوڈک منصوبہ عملی تکمیل اور آپریشنل مرحلے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ ریکوڈک منصوبہ اپنی تکمیل کے بعد بلوچستان اور پاکستان کی ترقی کے لیے بڑا اہم ثابت ہوگا۔ پاکستان کے پاس معدنیات کے جو ذخائر ہیں، انھی کو بھانپتے ہوئے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم میں شریک سرمایہ کاروں نے بڑے پیمانے پر پاکستان میں سرمایہ کاری کے اعلانات کیے ہیں۔ یہ ایک انتہائی خوش آئند بات ہے۔ وزیراعظم کا یہ کہنا بھی بالکل بجا ہے کہ پاکستان صرف خام معدنیات نکال کر بیرون ملک بھیجنے کا خواہاں نہیں، معدنیات کو نکالنا، پاکستان میں پراسیس اور تیار کر کے برآمد کرنا ہے، سفر مشکل ضرور ہے لیکن ہم پرعزم ہیں۔ انھوں نے واضح کیا کہ پاک فوج کے سربراہ اور ان کی ٹیم کا معدنیاتی ایجنڈا کو قومی معاشی وژن کا مرکزی حصہ بنانے میں اہم کردار ہے۔ انھوں نے کہا کہ مساوی اور منصفانہ شراکت داری پاکستان اور سرمایہ کاروں دونوں کے لیے فائدہ مند ہے، سرمایہ کاروں کو یکساں مواقع اور پالیسیوں میں تسلسل فراہم کریں گے۔ سرمایہ کاروں کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے طریقہ کار کو آسان بنایا جا رہا ہے، لائسنس اور معاہدوں کے اجرا میں مکمل شفافیت یقینی بنائیں گے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں معدنیات کے شعبے کے فروغ کے لیے مل کر کام کریں گی۔ فورم کے دوران ایک اہم اعلان فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (ایف ڈبلیو او) کی جانب سے کیا گیا، جس نے بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے دشتِ کین میں تانبے کے ذخائر کا تخمینہ 35 کروڑ ٹن لگایا۔ یہ تخمینہ اب تک تجویز کے لیے دستیاب ڈرلنگ ڈیٹا کے تقریباً نصف کی بنیاد پر لگایا گیا ہے۔ اس اعلان نے پاکستان میں معدنیات کی تلاش کے وسیع امکانات فورم میں پیش کیے گئے سرمایہ کاری کے مواقع کو مزید اجاگر کیا۔ میری منرلز نے بلوچستان میں سونے اور تانبے کے اپنے پہلے ذخائر کی دریافت کا اعلان کیا۔ نیشنل ریسورسز لمیٹڈ (این آر ایل) نے اعلان کیا کہ تقریباً 25 ہزار میٹر ڈرلنگ کے بعد بلوچستان کے ضلع چاغی میں کم از کم آٹھ پورفیری ذخائر میں تانبے اور سونے کی معدنی موجودگی دریافت کی گئی ہے۔ این آر ایل نے پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں 10 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کے عزم کا اعلان بھی کیا۔ وفاقی وزیر برائے توانائی علی پرویز ملک نے کہا کہ ہمیں معدنیات کی پراسیسنگ اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے لیے سرمایہ کاری چاہیے، پاکستان عالمی سرمایہ کاروں کے لیے اہمیت کے حامل اسٹریٹجک معدنیات کی تلاش پر زیادہ توجہ دے رہا ہے۔ انھوں نے چاغی اور مغربی بلوچستان میں تانبے اور سونے، گلگت بلتستان میں گیتیم، ٹن اور ٹنگسٹن، جب کہ خیبر پختونخوا میں اینٹی منی اور بنیادی دھاتوں کے امکانات کا ذکر کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان مقامی پراسیسنگ اور ریفائننگ کے ذریعے معدنیات کی ویلیو چین میں اپنا حصہ بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے، جس میں تانبے کی سمیلٹنگ کے قیام کی جانب پیش رفت بھی شامل ہے۔

قدرت نے پاکستان کو بے پناہ معدنی وسائل سے نوازا ہے، اب پاکستان کا مستقبل واضح اور روشن نظر آ رہا ہے۔ پاکستانی معیشت قرضوں، تجارتی خسارے، محدود برآمدات اور بیرونی مالی معاونت کے چیلنجوں سے دوچار ہے لیکن اب پاکستان ایک ایسے موڑ پر آ گیا ہے جہاں سے خوشحالی کا سفر تیزی سے شروع ہونے کی امید ہے۔ پاکستان کی سرزمین معدنی دولت سے مالا مال ہے۔ اگر معدنی وسائل کو دانش، دوراندیشی، حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہو کر استعمال کیا جائے تو پاکستان ترقی کی منزل تک بہت تیز رفتار سے پہنچ سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان نے گزشتہ ستر برس میں جو ترقی کی ہے، اگر پاکستان کے معدنی وسائل کو درست سمت میں اور پروفیشنل ازم کے جذبے کے ساتھ استعمال میں لایا جائے، تو پاکستان ستر برس کا سفر اگلے دس برسوں میں کر سکتا ہے۔ چند برسوں میں پاکستان کی معاشی تقدیر بدل سکتی ہے۔ بلوچستان کا صوبہ سونے، تانبے، لوہے، کرومائٹ، کوئلے اور دیگر قیمتی معدنیات کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ پاکستان کی معدنی دولت صرف بلوچستان تک محدود نہیں۔ پاکستان کے دوسرے صوبے اور علاقے بھی قدرتی وسائل سے مالا مال ہیں۔ سندھ میں تھر کے کوئلے کے ذخائر پاکستان کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پنجاب میں نمک، لوہے، جپسم، چونا پتھر، گرینائٹ اور دیگر معدنی وسائل موجود ہیں۔ چنیوٹ میں لوہے کے بڑے ذخائر کی نشاندہی بھی ہو چکی ہے۔ خیبر پختونخوا میں کرومائٹ، ماربل، قیمتی پتھر اور دیگر معدنیات کی قابل ذکر صلاحیت موجود ہے۔ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے پہاڑی علاقوں میں یاقوت، ٹوپاز، ٹورمالین اور دیگر قیمتی پتھر پائے جاتے ہیں۔ یہی وہ عالمی معاشی تبدیلی ہے جو پاکستان کے لیے ایک غیر معمولی موقع پیدا کر سکتی ہے۔ پاکستان کے پالیسی سازوں کو مستقبل کو سامنے رکھ کر ترقی کا ماڈل تیار کرنا چاہیے۔ یہ ایسا ماڈل ہونا چاہیے جس کا مقصد محض پہاڑوں، دریاؤں یا زمین سے معدنیات نکال کر انھیں خام مال کی صورت میں برآمد کرنا نہیں ہونا چاہیے بلکہ پاکستان کو لنکش گڈز کی برآمدگی کی طرف توجہ دینی ہوگی۔ اس کے لیے جدید تقاضوں کے مطابق صنعتی نظام قائم کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ت اعلیٰ تعلقات عامہ
کومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

et No. 6/

Dated: 15 NOV 2026 Page N

Prioritizing agriculture

Balochistan, despite vast land and hardworking farmers, remains far behind in agricultural production. This is not because our soil is barren or our people lack skill, but because agriculture has not received the attention, investment and planning it deserves. If we want prosperity, food security and employment, we must make agriculture the top priority. Our land can feed the country, provided farmers get modern facilities, timely support and fair prices.

Wheat is our staple food, yet every year Balochistan depends on other provinces to meet its needs. The reasons are shortage of water, expensive fertilizer and seed, lack of machinery and absence of guidance. The government should ensure certified seed, subsidized fertilizer and diesel reach farmers before the sowing season, not after it is over.

Canal water and tube-wells should be improved, and drip irrigation should be promoted in water-scarce districts like Pishin, Killa Saifullah and Khuzdar.

Extension staff must train farmers in line sowing, balanced use of fertilizer and control of weeds and rust. If growers get a fair price and protection from middlemen, they will expand cultivation.

Cotton, once called white gold, can again become a source of wealth for farmers of Nasirabad, Jaffarabad, Sohbatpur and Jhal Magsi. These districts have fertile land and warm climate ideal for cotton, but farmers have shifted to other crops because of low prices, fake pesticides and attacks of pink bollworm and whitefly. The government must provide quality seed at controlled rates, establish pest forecasting centres, and ensure ginners buy cotton at the announced price. Timely payment is equally important, because a farmer who does not get his money on time cannot prepare for the next crop.

Cumin, known locally as zeera, is another high-value crop that can change the fate of farmers in highland areas. Balochistan's dry, cool climate produces some of the best quality cumin, with strong demand in national and international markets. Yet farmers suffer due to lack of drying, grading and marketing facilities. If the government establishes collection centres and helps farmers access export markets, cumin can earn valuable foreign exchange.

The same is true for onion, tomato, potato, apple, grapes, dates and almonds. Our farmers produce excellent quality, but much is wasted due to lack of cold storage and processing. Cold storages, processing units and agro-markets in every division will prevent losses and give farmers a better price.

Cheap loans, crop insurance, solar tube-wells and modern research must become the foundation of our policy. If government, scientists and farmers work together, Balochistan can become breadbasket of Pakistan.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

P-1

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MAHRIQ QUETTA

Dated: 15 NOV 2026

Page No. 22





ساجد خان
(لاہور بیورو)

دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس میں 60 سے زائد ممالک کے نمائندے، سفارت کار، مالیاتی اداروں اور کان کنی سے وابستہ سرمایہ کار شریک ہیں۔ اسلام آباد کے جناح کنونشن سینٹر میں 'پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026' کا آغاز ہوگیا۔ دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس میں 60 سے زائد ممالک کے نمائندے، سفارت کار، عالمی مالیاتی اداروں اور کان کنی کی بین الاقوامی کمپنیوں سے وابستہ سرمایہ کار شریک ہیں۔ اسلام آباد میں جاری دو روزہ بین الاقوامی فورم کا باضابطہ افتتاح جمعرات کے روز نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کیا۔ افتتاحی سیشن میں مختلف ممالک کے سفارت کار، عالمی مالیاتی اداروں اور کان کنی سے وابستہ بین الاقوامی کمپنیوں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیراعظم آزاد کشمیر اور وزیراعلیٰ گلگت بلتستان، گورنر خیبر پختونخوا سمیت سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ بھی افتتاحی تقریب میں شریک تھے۔ یہ فورم حکومتِ پاکستان اور خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے اشتراک سے منعقد کیا جارہا ہے۔ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کی ویب سائٹ کے مطابق فورم کا مقصد پاکستان کو عالمی معدنیات اور کان کنی کی معاشی منڈیوں میں اہم مقام دلانا اور ملک کے وسیع معدنی وسائل کو پائیدار ترقی، معاشی تبدیلی اور عالمی سپلائی چین کے استحکام کے لیے بروئے کار لانا ہے۔

معدنی ترقی سے مقامی آبادیوں کو فائدہ پہنچانا لازم ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر کا خطاب:

آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی معدنی دولت کو کارآمد بنانا ہمارا اجتماعی قومی مقصد ہے، معدنی ترقی سے مقامی آبادیوں کو فائدہ پہنچنا لازم ہے، معدنیات سے مالا مال علاقوں کے لوگوں کو اپنی زندگیوں میں ٹھوس بہتری نظر آنی چاہیے۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کہنا تھا کہ ہمارا مقصد پاکستان کو طویل مدتی معدنی سرمایہ کاری کے لیے ایک مسابقتی منزل بنانا ہے، کان کنی کے پورے ماحولیاتی نظام کی سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدام کررہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے زور دیا کہ کانوں اور کان کنوں، سرمایہ کاری، صنعتوں، منصوبوں اور اس سے وابستہ لوگوں کو تحفظ فراہم کیا جائے گا، پاکستان کی معدنی دولت کو کارآمد بنانا ہمارا اجتماعی قومی مقصد ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا قرار دیا کہ ہمارا مقصد صرف خام مال برآمد کرنا نہیں ہے بلکہ ریفائننگ اور مینوفیکچرنگ تک پوری ویلیو چین کو تیار کرنا ہے، ہم ایسی طویل مدتی شراکت داری پروان چڑھانا چاہتے ہیں جو پاکستان اور اس کے شراکت داروں کیلئے پائیدار معاشی قدر کا باعث بنے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے واضح کیا کہ معدنی ترقی سے مقامی آبادیوں کو فائدہ پہنچنا لازم ہے، معدنیات سے مالا مال علاقوں کے لوگوں کو اپنی زندگیوں میں ٹھوس بہتری نظر آنی چاہیے، پاکستان کے لوگ محنتی، دلیر اور پرعزم ہیں جن میں خوابوں کو تعبیر میں بدلنے کی زبردست صلاحیت موجود ہے، ہمارے وسائل مواقع فراہم کرتے ہیں جبکہ نتائج کے حصول کیلئے ہمارے لوگ طاقت اور عزم کا سرچشمہ ہیں۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے زور دیا کہ ہمیں صلاحیت سے پیداوار کی طرف، وعدوں سے عمل کی طرف اور خام برآمدات سے ویلیو ایڈڈ گروتھ کی طرف بڑھنا ہوگا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے تقریر کے آخر میں پاکستان ہمیشہ زندہ باد کا نعرہ بھی بلند کیا۔ اسحاق ڈار کا خطاب: بیدہ اوری سیشت اور صوبائی صلاحکوم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کا وژن ایک ایسی معیشت کا قیام ہے جو بیدہ اوری







پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026: معدنی دولت کو قومی طاقت

اسلام آباد میں عالمی سرمایہ کاروں کا اجتماع؛ 60 سے زائد ممالک کے
معدنی وسائل اجاگر کیے جائیں گے، معاشی ترقی کا نیا دور

CLIPPING SERVICE

P-2

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ۱۵

Dated: 15 NOV 2026

Page No. 23

عظمیٰ بیکر نے پاکستان کو کاروبار اور سرمایہ کاری کے لیے بڑی منڈی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں اہم معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ عظمیٰ بیکر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کے تحت تیسرے سالانہ ایونٹ کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس فورم کا تجربہ گزشتہ سال کے مقابلے میں دگنا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر اپنی شناخت بنا رہا ہے اور یہ ملک کاروبار کے لیے ایک بڑی منڈی کے طور پر خود کو منوا رہا ہے۔ ان کے مطابق پاکستان میں اہم معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں سرمایہ کاروں کے لیے وسیع مواقع موجود ہیں۔ نامزد امریکی سفیر نے انویسٹمنٹ فورم کے حوالے سے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی اس ایونٹ کے ذریعے سرمایہ کاری کے حوالے سے اچھی خبریں اور اہم اعلانات سامنے آئیں گے۔

بلوچستان: سکیورٹی کی یقین دہانی اور ریکوڈک 2029 پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں مکمل سکیورٹی دینے کی یقین دہانی

فورم کا مقصد پاکستان کے معدنی ذخائر اور غیر دریافت شدہ وسائل کو اجاگر کر کے مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سکیورٹی اور کاروبار کے لیے حقیقت کے مقابلے میں کہیں زیادہ تیزی سے پھیلتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ٹی وی پر دکھائی جانے والی تصویر سے مختلف ہے۔ صوبے کے لوگ سرمایہ کاروں کا خیر مقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ وہ یہاں موجود مواقع تلاش کریں۔ انہوں نے مقامی اور عالمی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کے لیے آگے آنے کی دعوت بھی دی۔ 'ریکوڈک 2029 تک فعال ہونے کی توقع ہے'

سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان معدنیات، تیل اور گیس کے بڑے ذخائر رکھتا ہے اور آنے والے مہینوں میں ان شعبوں میں مثبت پیش رفت متوقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ریکوڈک منصوبہ 2029 تک فعال ہونے کی توقع ہے، جو صوبے کی معدنی استعداد کی ایک بڑی مثال ہے۔ وزیر اعلیٰ نے سارونا کے علاقے میں تیل اور گیس کے امکانات کا ذکر کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ وہاں موجود ذخائر سوئی کے ذخائر سے بھی بڑے ہیں۔ ان کے مطابق سوئی کے ذخائر گزشتہ 70 برس سے زیادہ عرصے سے پاکستان کو توانائی فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ بلوچستان حکومت وفاقی حکومت کے تعاون سے سوئی میں کھاد کا ایک صنعتی شہر قائم کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ ان کے مطابق اس علاقے میں کم بی ٹی یو گیس کی دستیابی اس منصوبے کی بنیاد ہے۔ سرفراز بگٹی نے سرمایہ کاروں کو اس مجوزہ منصوبے میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت انہیں

مسابقتی کاروباری مواقع موجود ہیں، مراد علی شاہ

فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو صوبے کے معدنی وسائل تلاش کرنے اور ان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ میں شفاف قواعد و ضوابط، مسابقتی کاروباری مواقع اور سرمایہ کاروں کے لیے آسان طریقہ کار فراہم کیا جا رہا ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت کا محکمہ سرمایہ کاری تمام سرمایہ کاروں کی رہنمائی کرتا ہے۔ اس مقصد کے لیے سندھ بزنس ون اسٹاپ شاپ (ایس پی او ایس) کے نام سے پورٹل بھی قائم کیا گیا ہے جہاں سرمایہ کار ابتدائی رابطہ کر سکتے ہیں اور متعلقہ محکموں سے لائسنس سمیت دیگر ضروری امور میں رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا کاروبار اور سرمایہ کاری کے لیے کھلا ہے۔ معدنی وسائل کی صلاحیت کا انحصار ارضیاتی ساخت پر ہے جبکہ ان وسائل سے فائدہ اٹھانے کے لیے بہتر حکمرانی اور شراکت داری ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں، بین الاقوامی مالیاتی ادارے، عالمی مائننگ کمپنیاں اور سرمایہ کار مل کر کام کریں تو اس کے ثمرات سب کو ملیں گے اور پاکستان کے عوام بھی ان سے مستفید ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ معدنی وسائل سے فائدہ اٹھانے کے لیے پائیدار اور ذمہ دارانہ طریقہ کار اپنانا ضروری ہے۔













